خیبر پختونخوا ملازمت سے برطرفی کا قانون (خصوصی اختیارات) (تنسیخ) مجریہ 2011ء

خیبر پختونخوا مجریہ 2011ء کا قانون نمبر XIV

دیباچہ

شقات

1. مختصر عنوان اور نفاذ۔
2. خیبر پختونخوا کے 2000ء کے آرڈیننس نمبر V کی منسوخی۔

خیبر پختونخوا ملازمت سے برطرفی کا قانون (خصوصی اختیارات) (تنسیخ) مجریہ 2011ء

خیبر پختونخوا مجریہ 2011ء کا قانون نمبر XIV

خیبر پختونخوا کے گورنر کی منظوری لینے کے بعد خیبر پختونخوا کے سرکاری جریدے (غیر معمولی) میں مورخہ / بتاریخ 16 ستمبر 2011ء کو پہلی بار شائع ہوا۔

ایک قانون

خیبر پختونخوا، ملازمت سے برطرفی (خصوصی اختیارات) کے آرڈیننس 2000ء کو برطرف کرنے کیلئے۔

ہر گاہ یہ امر قرین مصلحت ہے کہ خیبر پختونخوا ملازمت سے برطرفی (خصوصی اختیارات) (خیبر پختونخوا کے 2000ء کے قانون نمبر V) کے دستاویز کے ذیل میں آگے چل کر آنے والے کے مقصد کو پورا کرنے کیلئے منسوخ کیا جائے۔

یہ درج ذیل طریقے سے نافذ کیا جاتا ہے۔

1. **مختصر عنوان اور نفاذ۔** ---(1) اس قانون کو خیبر پختونخوا ملازمت سے برطرفی (خصوصی اختیارات) (تنسیخ) کا قانون مجریہ 2011ء کے نام سے موسوم کیا جائے۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2. **خیبر پختونخوا کے 2000 کا آرڈیننس نمبر V کی منسوخی۔** --- (1) خیبر پختونخوا ملازمت سے برطرفی (خصوصی اختیارات) آرڈیننس 2000ء (خیبر پختونخوا کے 2000ء کا آرڈیننس نمبر V) کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2) شکوک وشبہات کے خاتمے کیلئے شرط یہ ہے کہ اس قانون کے نفاذ سے پہلے تمام ایسی زیرِ غور کاروائیاں جو ایک سرکاری یا کارپوریشن ملازم کے خلاف ہوں، خیبر پختونخوا ملازمت سے برخاستگی (خصوصی اختیارات) آرڈیننس 2000ء (خیبر پختونخوا 2000ء کا آرڈیننس نمبر V) اور اسکے تحت بنائے گئے قواعد کے تحت،، مذکورہ تنسیخ شدہ قانون اور قواعد میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق کاروائی جاری رہیگی۔

(3) ذیلی دفعہ 2 سے مشروط، مذکورہ آرڈیننس کی منسوخی / تنسیخ تمام تادیبی / انضباطی معاملات جو سرکاری ملازمت سے متعلقہ ہوں اور جن پر خیبر پختونخوا سول سرونٹ کے قانون مجریہ 1973ء (خیبر پختونخوا 1973ء کا قانون نمبر XVIII) اطلاق ہوتا ہے سرکاری ملازمین قواعد (کارکردگی اور نظم وضبط)، 1973ء کا اطلاق ہوتا ہے کے مطابق چلائے جائینگے اور کارپوریش ملازمین پر جن قوانین، قواعد اور بائی لاز کا اطلاق ہوتا ہے انکے مطابق انکے معاملات چلائے جائینگے۔